## مہاراشٹر میں اب وزیر اعلیٰ کو کسی بھی وزیر کا فیصلہ تبدیل کرنے کا ہوگا اختیار

ممبئی (ایجنسی) مہاراشٹر حکومت نے حکومت کے کام کاج سے متعلق قوانین میں بڑی تبدیلیاں کی ہیں۔ نئے قوانین کے تحت اب وزیر اعلیٰ عوامی مفاد سے متعلق کسی بھی معاملے میں وزراء کے فیصلے کو تبدیل یا منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ حالانکہ نیم عدالتی معاملات میں وزیر اعلیٰ کو یہ اختیار حاصل نہیں ہوگا۔ کسی وزیر کے فیصلے میں تبدیلی کرنے پر وزیر اعلیٰ کو اس کی وجہ تحریری طور پر بتانی ہوگی۔ 'محکمہ جنرل ایڈمنسٹریشن' کی جانب سے 'مہاراشٹر گورنمنٹ کنڈکٹ آف بزنس رولز، 2026' میں ترمیم کیا گیا ہے۔ نئے قوانین کے نفاذ کے ساتھ ہی حکومت کے اندر وزیر اعلیٰ کے اختیارات کو واضح کیا گیا ہے۔ انتظامی سطح پر چیف سکریٹری کو محکموں سے معلومات اور دستاویزات طلب کرنے کا اختیار بھی دیا گیا ہے۔ نئے قوانین کے مطابق وزیر اعلیٰ ریاست کے کسی بھی محکمہ سے فائلیں یا اہم دستاویزات طلب کر سکتے ہیں۔ متعلقہ وزیر اور محکمہ کے سکریٹری کو یہ دستاویزات مہیا کرانے ہوں گے۔ اسی طرح چیف سکریٹری بھی کسی محکمہ کے سکریٹری سے ضروری اطلاعات اور دستاویزات طلب کر سکیں گے۔ اگر کسی حکومتی قاعدے کی تشریح کے متعلق کوئی تنازعہ بڑھتا ہے تو متعلقہ معاملہ وزیر اعلی کے پاس بھیجا جائے گا۔ حکومت پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے والے یا سرکاری ریونیو میں رعایت دینے والے فیصلوں کے لیے محکمۂ مالیات کی پیشگی منظوری ضروری ہوگی۔

# راج بھون مارچ کے دوران پولیس ایکشن، تیجسوی یادو حراست میں

## 'ہم ڈرنے والے نہیں، عوام خاموش بیٹھنے والی نہیں ہے'، پولیس حراست میں لیے جانے کے بعد تیجسوی یادو کا سخت ردعمل





پٹنہ (ایجنسی) بہار میں قومی اہلیت و داخلہ امتحان (نیٹ) کا پرچہ لیک ہونے کے خلاف مظاہرہ کرنے والوں پر پولیس کارروائی اور اے کے-47 سے گولی چلائے جانے کے خلاف آر جے ڈی آج (19 اگست) راج بھون مارچ کے لیے احتجاج کر رہی ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق جب پارٹی کے ہزاروں کارکنان راج بھون کے قریب پہنچے، تو پولیس نے انہیں آگے بڑھنے سے روک دیا گیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو کو پولیس نے حراست میں بھی لے لیا گیا۔ پولیس حراست میں لیے جانے کے دوران تیجسوی یادو نے اپنا سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ "ہم ڈرنے والے نہیں ہیں۔ ہم طلبا کے حقوق کی خاطر، پرچہ لیک روکنے کے لیے، بہار کو آگے بڑھانے کے لیے آواز اٹھاتے رہیں گے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "عوام خاموش بیٹھنے والی نہیں ہے۔ ہمیں انصاف چاہیے۔ جوابدہی طے ہونی چاہیے کہ کس کے حکم پر گولی چلائی گئی۔ بہار پرچہ لیک کا مرکز بنتا جا رہا ہے، جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔"

قابل ذکر ہے کہ تیجسوی یادو کی قیادت میں پارٹی کے کارکنوں نے پٹنہ کے جے پی گولمبر سے راج بھون کے لیے مارچ نکالا۔ اس دوران آر جے ڈی کے کارکنان سیوان میں اے کے-47 رائفل کے استعمال کے خلاف لکڑی سے بنی اے کے-47 لے کر پہنچے۔ ساتھ ہی حکومت کے خلاف نعرے بازی بھی کی۔ اس دوران پارٹی رکن پارلیمنٹ میسا بھارتی نے سمراٹ حکومت کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ "طلبا کے ساتھ جو ناانصافی ہوئی، اس کے 20-25 دن گزر گئے لیکن حکومت اب تک نیند سے نہیں جاگی۔ سپریم کورٹ میں بہار حکومت نے تسلیم کیا کہ اے کے-47 رائفل کا استعمال ہوا تھا۔ تب عدالت کو بہار حکومت کے وکیل سے پوچھنا چاہیے تھا کہ اے کے-47 لے کر احتجاج میں جانے کی اجازت کس نے دی؟" وہ مزید کہتی ہیں کہ "اگر ضلع مجسٹریٹ یا پولیس سپرنٹنڈنٹ نے اجازت دی تھی تو انہیں فوراً معطل کیا جانا چاہیے۔ لیکن یہ بہار حکومت قاتل حکومت ہے جو عام لوگوں کا قتل کروا رہی ہے اور نوجوانوں کے مستقبل کا بھی قتل کر رہی ہے۔"

پد یاترا میں شامل ہوئے پارٹی کے رکن پارلیمنٹ منوج کمار جھا نے کہا کہ "طلبا اور نوجوان پورے ملک میں مشتعل ہیں، خاص طور پر بہار میں۔ سوالناموں کا لیک ہونا یہاں ایک روایت بن گئی ہے۔ نوجوان بے روزگاری کی مار برداشت نہیں کر پا رہے ہیں۔ یہ مارچ انہی مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے نکالا گیا مارچ ہے۔" اس مقوع پر آر جے ڈی رکن اسمبلی بھائی وریندر نے کہا کہ "جو طلبا اپنے حقوق اور پرچہ لیک کے معاملے پر احتجاج کرنے کے لیے سڑکوں پر اترے تھے، ان کے خلاف اے کے- 47 کا استعمال کیا گیا۔ ملزمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ جب تک کارروائی نہیں ہوتی، ہماری تحریک جاری رہے گی۔"

تاریخی گاندھی میدان کے قریب جے پی گولمبر سے شروع ہونے والا مارچ جیسے ہی انکم ٹیکس چوراہے کے پاس پہنچا، پولیس نے اسے روک دیا۔ سیکورٹی فورسز نے مظاہرین کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے شہر کے مختلف حصوں میں بیری کیڈز لگا رکھی تھیں۔ اس مارچ کے دوران جب آر جے ڈی کارکنوں نے رکاوٹیں پار کرنے کی کوشش کی تو پولیس نے ان پر واٹر کینن کا استعمال کیا۔ اس کے بعد یادو کے ساتھ موجود متعدد پارٹی کارکنوں کو بھی روک دیا گیا اور اس دوران کئی کارکن گرفتاری دینے کے لیے بسوں میں سوار ہوتے ہوئے دیکھے گئے۔

مسٹر یادو نے تحویل میں لیے جانے کے بعد نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت مظاہرین کو غیر معینہ مدت تک نہیں روک سکتی۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی حکومت ہمیشہ اقتدار میں نہیں رہتی۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں بیٹھے لوگوں کو بالآخر جانا ہی پڑتا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ طلبہ، نوجوانوں اور معاشرے کے مختلف طبقوں کے لوگوں نے اس تحریک کی حمایت کی ہے۔

آر جے ڈی رہنما نے واٹر کینن کا استعمال کیے جانے پر الزام لگایا کہ یہ کارروائی وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری کی ہدایت پر کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کی کارروائی سے تحریک کمزور نہیں ہوگی اور لوگوں کو اپوزیشن کی جانب سے اٹھائے جانے والے مسائل کا علم ہو چکا ہے۔ اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف نے کہا کہ راج بھون مارچ نیٹ امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں، پیپر لیک کے الزامات اور احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف مبینہ پولیس کارروائی کے خلاف منعقد کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی نے بے روزگاری اور مسابقتی امتحانات میں شامل ہونے والے نوجوانوں کی تشویش کو بھی نمایاں طور پر اٹھایا ہے۔ تیجسوی یادو کی قیادت میں نکلنے والے جلوس میں پارٹی کے رہنما، عہدیدار اور سینئر کارکنان شامل ہوئے۔ اس مارچ میں شرکت کے لیے آر جے ڈی کے بڑی تعداد میں کارکنان مختلف اضلاع سے پٹنہ پہنچے تھے۔ اس مارچ میں کچھ مظاہرین علامتی احتجاج کے طور پر اے کے-47 رائفلوں کے کھلونے لے کر چلتے ہوئے دیکھے گئے۔ مظاہرین کے ہاتھوں میں قومی پرچم اور جنریشن زی تحریک سے جڑے پوسٹرز بھی تھے۔ کچھ پوسٹرز میں نہتے طلبہ پر مبینہ گولی باری کو روکنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

## سپریم کورٹ پہنچا 'کالا ہرن' فلم تنازعہ
### سلمان خان کو راحت دینے والے ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج

نئی دہلی۔ (ایجنسی) طویل عرصے سے فلم 'کالا ہرن: دی پیٹل فارلگیسی' کے حوالے سے معاملہ گرم ہے۔ گزشتہ ماہ دہلی ہائی کورٹ سے سلمان خان کو بڑی راحت ملی تھی۔ عدالت نے اس فلم کے پروڈیوسر امت جانی کو پھٹکار لگائی تھی اور سوشل میڈیا سے اس فلم سے متعلق تمام ویڈیوز ہٹانے کا حکم دیا تھا۔ حالانکہ اب خبر ہے کہ دہلی ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف امت جانی سپریم کورٹ پہنچے ہیں۔ انہوں نے سپریم کورٹ میں ایک عرضی داخل کی ہے اور دہلی ہائی کورٹ کے اس حکم کو چیلنج کیا ہے۔ امت جانی نے دلیل دی کہ یہ حکم اظہار رائے کی آزادی کو محدود کرتا ہے اور انہوں نے اس پر روک لگانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ہائی کورٹ نے اس سے قبل امت جانی سے کہا تھا کہ وہ خود کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھ سکتے۔ ان کے وکیل نے دلیل دی کہ یہ صرف ایک ٹیزر تھا اور اس سے سلمان خان کے پرسنالٹی رائٹس کی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ دوسری جانب سلمان خان کے وکیل نے کہا تھا کہ زیادہ تر معاملات میں بری ہونے کے باوجود اس فلم کا استعمال انہیں نشانہ بنانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ دہلی ہائی کورٹ نے 27 جولائی کو سلمان خان کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے امت جانی کو فلم 'کالا ہرن' سے متعلق ویڈیوز سوشل میڈیا سے ہٹانے کا حکم دیا تھا۔ اب دیکھنا ہوگا کہ سپریم کورٹ میں اس معاملے میں کیا کچھ ہوتا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ امت جانی نے جب 'کالا ہرن' کا ٹیزر ریلیز کیا تھا اس کے بعد ہی تنازعہ کھڑا ہو گیا تھا۔ سلمان خان نے فلم کی ریلیز پر روک لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے دہلی ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرتے ہوئے اپنے پرسنالٹی رائٹس کے تحفظ کا مطالبہ کیا تھا۔ سلمان خان کی جانب سے کہا گیا تھا کہ ان کی شناخت اور شبیہ کا ان کی اجازت کے بغیر غلط طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے اور ان کے حوالے سے لوگوں میں غلط فہمی پھیلائی جا رہی ہے۔

## اگلے سال پانچویں کوسٹ گارڈ گلوبل سمٹ کی میزبانی کرے گا ہندستان

نئی دہلی، (یواین آئی) بین الاقوامی سمندری تعاون کو مضبوط کرنے اور محفوظ، صاف ستھرے اور زیادہ محفوظ سمندری علاقوں کی سمت میں اجتماعی کوششوں کو آگے بڑھانے کے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ہندستان اگلے سال فروری میں پانچویں کوسٹ گارڈ گلوبل سمٹ کی میزبانی کرے گا۔ یہ سربراہ کانفرنس انڈین کوسٹ گارڈ کی گولڈن جوبلی کے موقع پر منعقد کی جائے گی۔ کوسٹ گارڈ فورس نے بدھ کے روز بتایا کہ اس تاریخی سربراہ کانفرنس کی تیاریوں کے تحت انڈین کوسٹ گارڈ نے سمٹ کی ورکنگ لیول میٹنگ کا ہائبرڈ موڈ کے ذریعے انعقاد کیا۔ اس میں مختلف ممالک کی کوسٹ گارڈ فورسز اور سمندری ایجنسیوں کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی اور علاقائی سمندری تنظیموں نے شرکت کی۔ میٹنگ میں آئندہ ہونے والی سربراہ کانفرنس سے متعلق اہم ادارہ جاتی اور تنظیمی پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

## تبتی برادری کا چین کے نئے قانون اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان

نئی دہلی، (یواین آئی) ہندستان میں رہ رہے تبتی برادری کے لوگ جمعرات (20 اگست) کو ملک بھر میں احتجاجی مظاہرہ کریں گے۔ یہ احتجاجی مظاہرہ تبت میں مسلسل ہو رہی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر دنیا کی توجہ مبذول کرانے اور چین کے اس نئے قانون کی مخالفت کرنے کے مقصد سے کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے ان کی منفرد لسانی، ثقافتی اور قومی شناخت کو شدید خطرہ لاحق ہو رہا ہے۔ یہ احتجاجی مظاہرہ یہاں کے علاوہ کولکاتا، دھرم شالہ، چنئی اور بنگلورو سمیت ملک کے کئی اہم شہروں اور مراکز پر منعقد کیا جائے گا۔ نارتھ ایسٹ کے لیے تبتی یوتھ کانگریس کے کوآرڈینیٹر تسیپل تینزنگ نے یواین آئی کو بتایا، کولکاتا میں چینی سفارت خانے کے باہر کینڈل لائٹ مارچ نکال کر پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔

مظاہرین کا الزام ہے کہ اس سال یکم جولائی سے نافذ العمل چین کا نیا قانون تبتی، منگول اور دیگر اقلیتی برادریوں کی زبان و ثقافت کو ختم کرنے کی سازش ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ قانون زبردستی ضم کرنے کی پالیسی کو قانونی حیثیت دیتا ہے اور دنیا میں کہیں بھی ان برادریوں کے ذریعہ کیے جانے والے احتجاج کو قابلِ سزا بناتا ہے۔ یہ قانون نسلی اتحاد اور پیش رفت کو فروغ دینا کے نام سے لایا گیا ہے۔ مسٹر تینزنگ کے مطابق، اس ملک گیر تحریک کی شروعات دو جولائی کو نیویارک میں واقع اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر کے باہر تبتی کارکن اور سابق بھکشو لوبگار تنگزین (عرف لوبسانگ پالڈن) کے ذریعہ کی گئی خودسوزی کے واقعے کے بعد ہوئی۔ مسٹر تنگزین نے ہاتھ میں تبتی پرچم لے کر خود کو آگ لگائی تھی، جس کے بعد ان کی موت ہو گئی۔ تبتی تنظیموں کا کہنا ہے کہ انہوں نے تبت کی آزادی اور عالمی توجہ حاصل کرنے کے لیے یہ شدید قدم اٹھایا تھا اس واقعے کے بعد سے دنیا بھر کے تبتی کارکن متحد ہو رہے ہیں اور پرامن مظاہروں نیز کینڈل لائٹ مارچ کے ذریعے اپنا احتجاج درج کروا رہے ہیں۔ قابلِ ذکر ہے کہ ہندستان میں اس وقت تقریباً ایک لاکھ تبتی پناہ گزین مقیم ہیں۔ یہ ان پناہ گزینوں کی اولاد ہیں جو 1959 میں ہمالیائی خطے میں چینی فوجی کارروائی کے بعد دلائی لاما کے ساتھ ہندستان آ گئے تھے۔ مسٹر تینزنگ نے بتایا، چین ہمیں ایک ایسی اقلیت کے طور پر پیش کرنا چاہتا ہے جسے آسانی سے مٹایا جا سکے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم تبت میں اکثریت میں ہیں اور تبت ایک آزاد ملک ہے۔ ہم اسی سچائی پر زور دینا چاہتے ہیں۔

انہوں نے الزام لگایا، "چینی حکومت ہمارے بچوں کو ان کے خاندانوں سے الگ کر کے نوآبادیاتی بورڈنگ اسکولوں میں بھیج رہی ہے، جہاں صرف مندارن زبان سکھائی جاتی ہے اور تبتی زبان پر مکمل پابندی ہے۔ یہ ہماری شناخت اور ثقافت کو جڑ سے مٹانے کی کوشش ہے۔" انہوں نے کہا کہ اس مظاہرے کا ایک اور مقصد ان تبتیوں کی طرف دنیا کی توجہ مبذول کرانا بھی ہے، جو چینی پالیسیوں کی مخالفت کرنے کی وجہ سے پراسرار طور پر غائب ہو گئے یا انہیں حراست میں لے لیا گیا۔ انہوں نے بتایا، "حالیہ برسوں میں ہزاروں تبتیوں نے احتجاج کرنے کی ہمت دکھائی اور وہ اچانک غائب کر دیے گئے۔" مسٹر تینزنگ نے تبتی گلوکار اے-سانگ (تسوکے) کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ پرنس آف پیس نامی گانا گانے کے بعد انہیں حراست میں لے لیا گیا۔

## باہری دہلی کے سی این جی پمپ پر ٹرک میں دھماکہ، تین افراد ہلاک اور تین زخمی

نئی دہلی، (یواین آئی) باہری دہلی کے ٹیکری کلاں میں واقع سی این جی اسٹیشن پر بدھ کے روز شدید دھماکے میں تین افراد کی موت ہو گئی اور تین دیگر راہگیر زخمی ہو گئے۔ دہلی فائر سروس کے حکام نے یہ اطلاع دی ہے۔ دہلی پولیس کے مطابق، مہلوکین کے نام منیش (25)، برہم جیت (34) اور سنی (30) ہیں، جو تمام سی این جی اسٹیشن کے ملازم تھے۔ وہیں زخمیوں سرجیت، سنجے اور وپن کو منڈکا کے سی ڈی گلوبل ہسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ فائر بریگیڈ کے مطابق، یہ حادثہ دوپہر کے وقت تقریباً 20:3 بجے اس وقت پیش آیا، جب ایک ری فلنگ ٹرک سے سی این جی پمپ پر گیس ٹرانسفر کی جا رہی تھی۔ اسی دوران ٹرک پر رکھا ایک سلنڈر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا، جس سے علاقے میں افراتفری مچ گئی۔ فائر بریگیڈ کو دوپہر 3:37 بجے حادثے کی اطلاع ملی۔ اس کے فوراً بعد فائر بریگیڈ اور بیرونی ضلع کے سینئر حکام سمیت پولیس کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ پولیس نے بتایا کہ چشم دید گواہوں کے مطابق حادثے میں چھ افراد زخمی ہوئے تھے، جن میں سے تین نے بعد میں دم توڑ دیا۔

## سوشل میڈیا کا استعمال معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی تشویش کو دور کرنے کے لیے بھی کریں افسران: مرمو



نئی دہلی، (یواین آئی) صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے انڈین انفارمیشن سروس (آئی آئی ایس) کے افسران کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا استعمال صرف معلومات فراہم کرنے اور لوگوں کو جوڑنے کے لیے ہی نہیں بلکہ عوام کی تشویش کو سننے، سمجھنے اور ان کے حل کے لیے بھی کریں۔ پریذیڈنٹ سکریٹریٹ نے بدھ کے روز یہاں بتایا کہ انڈین انفارمیشن سروس اور انڈین اسٹیٹسٹیکل سروس کے زیرِ تربیت افسران کے ایک گروپ نے راشٹرپتی بھون میں صدرِ جمہوریہ سے ملاقات کی۔ مرمو نے ٹرینی افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انڈین انفارمیشن سروس اور انڈین اسٹیٹسٹیکل سروس کے کام میں فرق کے باوجود ان کا مقصد ایک ہی ہے اور وہ ہے حکومت کے معیار کو مضبوط کرنا اور ملک کے عوام کی خدمت کرنا۔ انہوں نے کہا کہ موثر مواصلات اور قابلِ اعتماد معلومات ایک متحرک اور جواب دہ جمہوریت کے ضروری ستون ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ ٹرینی افسران جب اپنے کریئر کی شروعات کریں، تو انہیں مسلسل سیکھتے رہنے اور خود کو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ڈھالتے رہنا چاہیے۔

ٹیکنالوجی، میڈیا، معیشت اور عوامی پالیسی کی دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ انہوں نے انہیں متجسس رہنے، نئی صلاحیتیں پیدا کرنے اور تجربے سے سیکھنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے افسران سے فیصلے کرنے میں دانشمندی، رویے میں حساسیت کے ساتھ ساتھ ایمانداری کو برقرار رکھنے میں ثابت قدم رہنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اختیار اپنے ساتھ غیر جانبداری، عاجزی اور لگن کے ساتھ عوام کی خدمت کرنے کی گہری ذمہ داری بھی لے کر آتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ انڈین انفارمیشن سروس نے حکومت اور شہریوں کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا نے شہریوں کے لیے معلومات حاصل کرنے، شیئر کرنے اور اس پر ردعمل دینے کے طریقۂ کار کو بنیادی طور پر بدل دیا ہے۔ انہوں نے انڈین انفارمیشن سروس کے افسران کو مشورہ دیا کہ وہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا استعمال صرف معلومات فراہم کرنے اور لوگوں کو جوڑنے کے لیے ہی نہیں، بلکہ عوام کی تشویش کو سننے، سمجھنے اور ان کے حل کے لیے بھی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ماحول میں، جہاں معلومات بہت تیزی سے پھیلتی ہیں، ان کے مواصلات میں ہمیشہ درستگی، قابلِ اعتمادی اور مفادِ عامہ کو رہنمائی کرنے والے اصول ہونا چاہیے۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ جیسے جیسے ہندستان سال 2047 کی طرف بڑھ رہا ہے، انڈین انفارمیشن سروس کے افسران کا کردار اور بھی اہم ہو جائے گا، کیونکہ ایک باخبر شہری ترقی اور جمہوری عمل میں سرگرمی سے حصہ لینے کا اہل ہوتا ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ اعداد و شمار پر مبنی دنیا میں عوامی پالیسی کا معیار کافی حد تک درست، بروقت اور قابلِ اعتماد اعداد و شمار کی دستیابی پر منحصر ہوتا ہے۔ انڈین اسٹیٹسٹیکل سروس سرکاری اعداد و شمار، ان کے تجزیے اور تشریح میں اہم کردار ادا کرتی ہے، جو ہمارے لاکھوں شہریوں کی زندگی کو متاثر کرنے والے فیصلوں کی بنیاد بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سروس کے افسران کا کام معیشت اور معاشرے کے مختلف شعبوں میں ثبوت پر مبنی پالیسی سازی میں مددگار ہوگا۔ انہوں نے انہیں ہمیشہ یہ یاد رکھنے کا مشورہ دیا کہ ہر ڈیٹا اکٹھا کرنے کے پیچھے حقیقی لوگ اور ان کی زندگی ہوتی ہے۔ انہوں نے ان سے اپیل کی کہ وہ اعداد و شمار کو شہریوں، محققین اور پالیسی سازوں کے لیے زیادہ قابلِ رسائی بنائیں۔ جدید، قابلِ اعتماد اور ٹیکنالوجی سے لیس شماریاتی نظام کی تعمیر میں ان کا تعاون وکست بھارت کی سمت میں ہندستان کے سفر کا ایک اہم حصہ ہوگا۔

## گراہم اسٹینز قتل معاملہ: سپریم کورٹ نے دارا سنگھ کی رہائی میں تاخیر پر اوڈیشہ حکومت کو پھٹکار لگائی



نئی دہلی (یواین آئی) سپریم کورٹ نے بدھ کو اوڈیشہ ریاست سزا نظرثانی بورڈ کی جانب سے رویندر کمار پال عرف دارا سنگھ کی قبل از وقت رہائی کی درخواست پر فیصلہ کرنے میں مسلسل ہو رہی تاخیر پر سخت ناراضی ظاہر کی۔ دارا سنگھ 1999 میں آسٹریلوی مشنری گراہم اسٹورٹ اسٹینز اور ان کے 2 معصوم بیٹوں، فلپ اور ٹموتھی کے قتل کے معاملے میں عمر قید کی سزا کاٹ رہا ہے۔ جسٹس منوج مشرا اور جسٹس وجے بشنوئی کی بنچ نے نظرثانی بورڈ کو دارا سنگھ کی رہائی کی درخواست پر فیصلہ کرنے کا ایک اور موقع دیتے ہوئے خبردار کیا کہ اگر ریاستی حکومت جلد کوئی فیصلہ نہیں کرتی تو عدالت خود اس معاملے میں قدم اٹھائے گی۔ دارا سنگھ کے 26 سال سے زیادہ عرصے سے جیل میں بند ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے بنچ نے ریاستی حکومت سے سخت الفاظ میں کہا، "آپ خود فیصلہ کریں، ورنہ ہم اپنا فیصلہ کریں گے۔ ہم اس طرح کی تاخیر برداشت نہیں کر سکتے۔" اس سے قبل نظرثانی بورڈ کی جانب سے درخواست پر غور کیے جانے کی اطلاع ملنے پر عدالت نے کارروائی ملتوی کر دی تھی۔ تاہم، بدھ کی سماعت کے دوران اوڈیشہ حکومت نے بنچ کے سامنے محکمہ جیل اور اصلاحی خدمات کا ایک خط پیش کیا، جس میں کہا گیا کہ ضلع جیل سے متعلق رپورٹ کا ابھی بھی انتظار ہے۔ رویندر کمار پال نے سپریم کورٹ میں عرضی دائر کر کے اوڈیشہ حکومت کو ریاست کی 19 اپریل 2022 کی رہنما پالیسی کے تحت اس کی قبل از وقت رہائی پر غور کرنے کی ہدایت دینے کی درخواست کی ہے۔ اپنی عرضی میں اس نے جیل میں گزاری طویل مدت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسے کبھی پیرول پر بھی باہر نہیں بھیجا گیا۔ اس نے اپنے جرم پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ قید کے دوران اس کے رویے میں مثبت بہتری آئی ہے۔

قابل ذکر ہے کہ رویندر کمار پال کو گراہم اسٹینز اور ان کے 2 بیٹوں، 10 سالہ فلپ اور 6 سالہ ٹموتھی کے قتل کا مجرم قرار دیا گیا تھا۔ ان تینوں کو 22 جنوری 1999 کی رات اوڈیشہ کے کیونجھار ضلع کے منوہر پور گاؤں میں ایک گاڑی میں سوتے وقت زندہ جلا دیا گیا تھا۔ خصوصی سی بی آئی عدالت نے دارا سنگھ کو سزائے موت سنائی تھی، جبکہ شریک ملزم مہندر ہیمبرم کو عمر قید کی سزا دی گئی تھی۔

## کھرگے کو 'دلت مانسکتا' کہنے پر کانگریس کا بی جے پی-آر ایس ایس پر حملہ



نئی دہلی، (یواین آئی) کانگریس نے دہلی یونیورسٹی کے شعبہ سیاسیات کے ایک پروفیسر کے کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کے بارے میں کیے گئے تبصرے پر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ اس تبصرے نے دلتوں کے تئیں بی جے پی اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی مانسکتا یعنی ذہنیت کو بے نقاب کر دیا ہے۔ کانگریس شعبہ مواصلات کے سربراہ پون کھیڑا نے بدھ کو سوشل میڈیا ایکس پر آر ایس ایس سے وابستہ اس پروفیسر کے ایک نیوز چینل پر کیے گئے تبصرے کو شیئر کرتے ہوئے کہا کہ راہل اور کھرگے کو غلامی کی مانسکتا اور دلت مانسکتا سے جوڑنا ان کی شناخت کو ذات پات کے روایتی تعصب تک محدود کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر کھرگے ملک کے اہم دلت رہنماؤں میں سے ہیں اور انہوں نے دہائیوں کی عوامی خدمت اور اپنے سیاسی سفر کے بل بوتے پر یہ مقام حاصل کیا ہے۔ پون کھیڑا نے الزام لگایا کہ کچھ دن پہلے مسٹر کھرگے کے ساتھ چھوت چھات سے متعلق مبینہ توہین آمیز سلوک کیا گیا لیکن بی جے پی، آر ایس ایس یا ان سے وابستہ تنظیموں نے اس کی مذمت نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ دلت رہنما کو اس کی شناخت کی وجہ سے ذلیل کیے جانے پر خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے، جبکہ اس کے اپنے سیاسی حق کا استعمال کرنے پر اس کی مانسکتا پر سوال اٹھائے جاتے ہیں۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ اصل سوال دلت ذہنیت کا نہیں، بلکہ اس سوچ کا ہے جو دلت رہنما کو اپنے حق اور آزاد سیاسی حیثیت کے ساتھ کام کرتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتی۔

## محبوبہ مفتی نے امریکی سفیر سے کشمیر کے سفر سے متعلق ایڈوائزری واپس لینے کی اپیل کی

سرینگر، (یواین آئی) جموں و کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر محبوبہ مفتی نے ہندوستان میں امریکی سفیر سرجیو گور سے مرکز کے زیر انتظام علاقے کے لیے امریکہ کی اعلیٰ ترین سطح کی سفری ایڈوائزری کا جائزہ لینے اور اسے واپس لینے کی اپیل کی۔ انہوں نے بدھ کے روز کہا کہ اس ایڈوائزری کی وجہ سے وادی کی سیاحت پر مبنی معیشت کو مسلسل نقصان پہنچ رہا ہے۔ مسز محبوبہ نے عہدہ سنبھالنے کے بعد جموں و کشمیر کے اپنے پہلے دورے کے دوران مسٹر گور کے لیے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ یہ ایڈوائزری علاقے کے سیاحتی شعبے کے لیے ایک بڑی رکاوٹ بن گئی ہے۔ انہوں نے لکھا، "ہندوستان میں امریکی سفیر سرجیو گور کم از کم اتنا تو کر ہی سکتے ہیں کہ کشمیر کے سفر کے خلاف اعلیٰ ترین سطح کی ایڈوائزری کا جائزہ لیں اور اسے واپس لیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے فی الحال جموں و کشمیر کو لیول 4: سفر نہ کریں ایڈوائزری کے تحت رکھا ہے، سوائے مشرقی لداخ کے علاقے اور لیہ کے دوروں کے۔ ایڈوائزری میں دہشت گردی اور شہری بدامنی سے متعلق خدشات کا حوالہ دیا گیا ہے۔ اس میں خاص طور پر علاقے میں انفرادی تشدد کے امکانات کا ذکر کیا گیا ہے، جس میں سرینگر، گلمرگ اور پہلگام جیسے سیاحتی مقامات بھی شامل ہیں۔

## نیشنل کانفرنس پر بدعنوانی کے الزامات، عمر عبداللہ کا بی جے پی کو چیلنج



سرینگر، (یواین آئی) جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نیشنل کانفرنس پر لگائے گئے بدعنوانی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو چیلنج دیا ہے کہ اگر اس کے پاس کسی دھاندلی کے ثبوت ہیں تو وہ اپنے کنٹرول والی تحقیقاتی ایجنسیوں سے معاملے کی جانچ کرا سکتی ہے۔ مسٹر عبداللہ نے بدھ کی صبح یہاں مختلف حصوں کا دورہ کر کے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کرنے اور اہم شہری کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے بعد صحافیوں سے یہ بات کہی۔ انہوں نے بدعنوانی کے الزامات پر بی جے پی کے احتجاج کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت کے پاس کسی بھی تحقیقاتی ایجنسی کا کنٹرول نہیں ہے اور وہ کسی دھاندلی کو نہیں چھپا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا، اگر ایک پل کے لیے بھی ہم یقین کر لیں کہ وہ جو کہہ رہے ہیں وہ صحیح ہے تو ہمارے پاس چھپانے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ انہوں نے الزامات کی بنیاد پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا، "میں کسی بھی تحقیقاتی ایجنسی کو کنٹرول نہیں کرتا۔ میرے پاس پولیس نہیں ہے، کرائم برانچ بھی نہیں ہے اور اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) بھی نہیں ہے۔ مرکزی ایجنسیوں کی تو بات ہی بہت دور کی ہے۔" انہوں نے کہا کہ کسی بھی تحقیقاتی ایجنسی نے معاملے میں بدعنوانی کی بات نہیں کہی ہے۔ بی جے پی ان پر بے بنیاد الزامات لگا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا، مجھے بتائیے کہ کس ایجنسی نے کہا ہے کہ اس معاملے میں بدعنوانی ہوئی ہے۔ مرکزی ایجنسیوں پر بی جے پی کا کنٹرول ہے۔ آپ جانچ کر سکتے ہیں۔ اگر بدعنوانی ہوئی ہے تو معاملہ درج کر سکتے ہیں لیکن یہ بے بنیاد الزامات بلاوجہ نہ لگائیں۔

## شمس الرحمن فاروقی نے جن اصناف کو ہاتھ لگایا انھیں وقار عطا کیا: احمد محفوظ
### فاروقی کے متنوع علمی کارناموں کا تصور کرنا بھی محال: م ن سعید

کلبرگی: شعبۂ اردو، خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام محورِ اردو تنقید شمس الرحمٰن فاروقی یادگاری خطبہ کا انعقاد کیا گیا، جس کا عنوان تھا: "فاروقی: یادیں، باتیں اور کتابیں"۔ اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے سابق صدرِ شعبۂ اردو پروفیسر احمد محفوظ نے خطبہ پیش کیا۔ اپنے خطبے میں انھوں نے شمس الرحمٰن فاروقی سے اپنے ذاتی مراسم، ان کے علمی و ادبی مشاغل، محنت و لگن، بے تکلفی اور علم دوستی کا نہایت خوبصورتی سے تجزیہ کیا۔ انھوں نے فاروقی صاحب کی اہم کتابوں خصوصاً شعر شور انگیز، شعر غیر شعر اور نثر، اردو کا ابتدائی زمانہ، نیز ان کے ناول اور شاعری کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ فاروقی صاحب اگرچہ ایک عظیم ناقد کی حیثیت سے زیادہ معروف ہیں، لیکن ان کی شاعری بھی قابل ذکر ہے۔ انھوں نے متعدد اصنافِ سخن پر کام کیا اور ان تمام کو وقار عطا کیا۔ پروفیسر میم نون سعید نے صدارتی خطبہ پیش کرتے ہوئے نہ صرف پروفیسر احمد محفوظ کے خطبے کو سراہا بلکہ شمس الرحمٰن فاروقی کی علمی و ادبی خدمات کا بھی جامع انداز میں احاطہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ فاروقی صاحب نے جس قدر وسیع اور متنوع کام کیا ہے، اس کا تصور کرنا بھی بڑے بڑے اہلِ علم کے لیے محال ہے۔ پروگرام کی نظامت اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر اطہر معزالدین نے کی، جبکہ مہمان کا تعارف ڈاکٹر شہباز ارشد، اسسٹنٹ پروفیسر، خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی نے پیش کیا اور استقبالیہ کلمات بھی پیش کیے۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت وزیٹنگ پروفیسر عبدالحمید اکبر کے حصے میں آئی، جبکہ ڈاکٹر رئیسہ نسرین، اسسٹنٹ پروفیسر نے کلمات تشکر ادا کیے۔

